عبداللہ بن سبا

(یہودی-یمنی)

حقیقت اور افسانے کے درمیان

تحقیق: ڈاکٹر سامی عطا حسن

جامعہ آل البیت — المفرق

مملکتِ اُردن ہاشمیہ

ترجمہ: ابو مصعب اثری

مسلم ورلڈ ڈیٹا پروسیسنگ پاکستان

خلاصہ

اس تحقیق کا بنیادی مقصد یہ ثابت کرنا ہے کہ عبد اللہ بن سبأ ایک حقیقی تاریخی شخصیت تھا۔اس مقصد کے لیے ابتدائی اسلامی مصادر میں مذکور روایات کا تجزیہ کیا گیا ہے، نیز ان شبہات کا علمی جائزہ لیا گیا ہے جو بعض معاصر محققین نے عبد اللہ بن سبا اور اس کے پیروکاروں، یعنی سبئیہ، کے وجود کے انکار میں پیش کیے ہیں۔

محقق اس نتیجے پر پہنچا ہے کہ کتبِ فرق اور کتبِ ادب میں عبد اللہ بن سبأ کے بارے میں مذکور روایات صحیح ہیں، اور یہ کہ ابن السوداء، یعنی عبد اللہ بن سبا، جس نے اپنے افکار کی اشاعت کی، اپنے داعیوں کو مختلف اسلامی شہروں میں پھیلا دیا، یہاں تک کہ اس نے خلیفۂ ثالث سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے خلاف رعایا کو بد ظن اور مشتعل کر دیا، جس کے نتیجے میں وہ آپ رضی اللہ عنہ کے خلاف بغاوت پر آمادہ ہوئی اور بالآخر آپ رضی اللہ عنہ کو شہید کر دیا،ایک حقیقی اور ثابت شدہ تاریخی شخصیت تھا۔ نیز فجرِ اسلام میں رونما ہونے والے فتنے کے اسباب پیدا کرنے اور اس کے واقعات کو منظم انداز میں آگے بڑھانے میں اس سے منسوب کردار ایک نمایاں اور واضح تاریخی حقیقت ہے۔

آخر میں تحقیق نے یہ واضح کیا ہے کہ بعض معاصر اہلِ تحقیق کی جانب سے عبد اللہ بن سبأ کے وجود کے بارے میں اٹھائے گئے شبہات علمی دلائل سے محروم ہیں، اور نہ ہی انہیں ابتدائی اور عہدِ واقعات سے قریب اسلامی مصادر کی تائید و حمایت حاصل ہے۔

مقدمہ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے رفیقِ اعلیٰ سے جا ملنے، پھر ارتداد کی جنگوں کے برپا ہونے، اور سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ان فتنوں کا کامیابی سے قلع قمع کر دینے کے بعد اسلامی معاشرے میں کچھ ایسی شخصیات داخل ہوئیں جن کے دل ابھی تک نورِ نبوت سے منور نہ ہوئے تھے اور نہ ہی انہیں یقین وایمان کے سائے میں اسلامی تربیت کا مکمل موقع ملا تھا۔ ان کا اسلام میں داخل ہونا درحقیقت اسلام کی مخالفت کرنے اور اندر ہی اندر اس پر کاری ضرب لگانے کے لیے تھا۔

چنانچہ یہ لوگ بتدریج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جلیل القدر صحابۂ کرام کے شانہ بشانہ آ کھڑے ہوئے، یہاں تک کہ انہیں ان کے شایانِ شان مقام و مرتبہ سے پیچھے دھکیل دیا، اور امت کی اجتماعی زندگی کے بہت سے اہم شعبوں پر اپنا اثر و نفوذ قائم کر لیا۔

یہ عناصر نہ صرف امت کے بہت سے معاملات میں فیصلہ کن اثر و رسوخ حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے بلکہ اسلام قبول کرنے میں سبقت رکھنے

والے اہلِ ایمان کو پس منظر میں دھکیل کر خود آگے بڑھ بیٹھے۔ انہی دراندازشخصیات نے ان فرقوں اور مذاہب کے ظہور میں بنیادی کردار ادا کیا جنہوں نے مسلمانوں کی وحدت کو پارہ پارہ کر دیا، ان کی اجتماعیت کو منتشر کر دیا، اور قرآنِ کریم کو اپنے درمیان ٹکڑوں میں تقسیم کر ڈالا۔ ہر فرقہ گمراہ تاویلات کا ہتھیار ہاتھ میں لیے قرآن سے اپنے نظریات کے حق میں استدلال کرنے لگا اور اسے اپنے مذہب کی تائید اور اپنے دعووں کی دلیل بنانے کی کوشش کرنے لگا۔

یہ لوگ بظاہر اہلِ بیتِ نبوت سے محبت کا دم بھرتے تھے، لیکن حقیقت میں وہ ہر وہ تدبیر اختیار کرتے رہے جو ان کی شان کو مجروح کرنے اور انہیں نقصان پہنچانے کا ذریعہ بن سکتی تھی۔ چنانچہ اہلِ بیت کو انہی اسلام دشمن عناصر کے ہاتھوں ظلم و ستم اور جبر و استبداد کا سامنا کرنا پڑا، کیونکہ وہ اس پاکیزہ اور معزز خانوادے سے تعلق رکھتے تھے جس کی پرورش نبوت کے گھرانے میں ہوئی تھی اور جس نے اسلام کو اس کے خالص سرچشموں سے حاصل کیا تھا۔ اسی بنا پر اہلِ بیت ان معاند عناصر کے اولین اہداف بن گئے، جنہوں نے اسلام سے دشمنی کو منافقانہ مکر و فریب کے پردے میں چھپا رکھا تھا۔

پھر جب سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں مسلمانوں کے درمیان اختلاف کی پہلی چنگاری نمودار ہوئی تو یہی عناصر فوراً سر گرم ہو گئے، قیادت کی باگ ڈور سنبھالنے کے لیے لپکے، اور لوگوں کو اندھی فتنہ انگیزی کی لاٹھی سے ہانکتے ہوئے انتشار اور بغاوت کی راہ پر ڈالنے لگے۔

اور جب کبھی لوگوں کے جوش و خروش میں کمی آتی تو یہ عناصر اپنی مکاری، عیاری اور فریب کاری کے کانٹے سے انہیں پھر ابھار دیتے۔

ان معاند عناصر کا سرغنہ عبد اللہ بن سبا تھا، جو ابن السوداء کے لقب سے معروف تھا۔ وہ یمن کا ایک یہودی تھا جو حجاز آیا اور ایسے مقاصد کی خاطر ظاہری طور پر اسلام قبول کر لیا جنہیں وہ چھپائے ہوئے تھا، لیکن اس کی گمراہ کن دعوت نے بالآخر ان پردہ پوش عزائم کو آشکار کر دیا۔ چنانچہ اس کے بارے میں کہا گیا ہے:

وہ اپنے ذہن میں جزیرۂ عرب سے یہودیوں کی جلاوطنی کی تلخی کو سمیٹے ہوئے مدینہ آیا۔ اپنے دل کے تمام اضطراب اور کینہ و بغض کے ساتھ اس نے بظاہر

اسلام قبول کیا، جبکہ اس کا پختہ ارادہ یہ تھا کہ اس نوخیز اسلامی معاشرے کو فتنہ و فساد اور شکوک و شبہات کے بے کراں سمندروں میں غرق کر دے[1]۔

[1]الشابي، علي، 1971م، النشرة العلمية لجامعة الزيتونة، كلية الشريعة وأصول الدين، أثر التراث الشرقي في المذهب السبئية، ص 245-ع1، السنة الأولى، ص 245.

ابن سبا کا نسب اور وطن

مقالات و فرق کی کتب، نیز تاریخ اور ادب کی اکثر وہ کتابیں جن میں خلیفۂ ثالث سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے عہد میں رونما ہونے والے فتنے اور بعد ازاں کوفہ میں سیدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی شہادت کے واقعات کا تذکرہ کیا گیا ہے، اس بات پر متفق ہیں کہ عبد اللہ بن سبا ایک یہودی شخصیت تھا، جو مسلمانوں کے معاشرے میں ایسے عقائد وافکار لے کر ظاہر ہوا جن کا مقصد مسلمانوں کو ان کے دین کے بارے میں فتنے میں مبتلا کرنا تھا۔

بعد ازاں مختلف قبائل کے اوباش اور سطحی سوچ رکھنے والے افراد، نیز ذاتی رنجشوں اور انتقامی جذبات سے مغلوب بعض عناصر اس کے گرد جمع ہو گئے۔ ان لوگوں کی مدد سے وہ مسلمانوں کی صفوں میں تفرقہ ڈالنے، ان کی وحدت کو پارہ پارہ کرنے، اور اسلامی فتوحات کے تسلسل کو روکنے میں کامیاب ہوا، جس کے بعد اہلِ بیت سے متعلق باہمی جنگوں کا آغاز ہوا۔ البتہ اس کی زندگی اور سرگرمیوں کی تفصیلات بیان کرنے میں ان مصادر کے مابین اختلاف پایا جاتا ہے۔

اہلِ سنت اور شیعہ دونوں کے مصادر اس بات پر متفق ہیں کہ عبد اللہ بن سبأ یمن کے شہر صنعاء کا ایک یہودی تھا، جس نے مسلمانوں کے خلاف سازشیں کرنے، ان کے درمیان فتنہ برپا کرنے، اور تفرقہ و اختلاف کے اسباب پیدا کرنے کی غرض سے ظاہری طور پر اسلام قبول کیا تھا۔

الف) امام طبری نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے:

عبداللہ بن سبأ صنعاء کا ایک یہودی تھا[2]۔

ب) امام ابن عساکر نے لکھا ہے:

"عبداللہ بن سبأ، جس کی طرف سبئیہ کی نسبت کی جاتی ہے اور جو غالی رافضیوں میں سے تھا، اس کا اصل وطن یمن تھا[3]۔

---

[2] الطبري، أبو جعفر محمّد، تاريخ الرسل والملوك، تحقيق عبد السلام هارون، 1950م, ج4، ط2، القاهرة، ص283، وانظر أبو الشعر، هند، 1983م، حركة المختار بن أبي عبيد الثقفي في الكوفة، ص329.

[3] ابن عساكر، أبو القاسم علي بن الحسن بن هبة الله الشافعي، (ت 571هـ) مختصر تاريخ دمشق، ج12، بيروت ص 219.

ج) الناشئ الاکبر نے لکھا ہے:

عبداللہ بن سبا صنعاء کا رہنے والا تھا۔ اس نے سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا، پھر مدائن میں سکونت اختیار کر لی[4]۔

د) سعد بن عبداللہ القمی الاشعری نے لکھا ہے:

اہلِ علم کی ایک جماعت نے بیان کیا ہے کہ عبداللہ بن سبا یہودی تھا، پھر اس نے اسلام قبول کیا اور سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے وابستگی اختیار کر لی[5]۔

ھ) جرمن مستشرق اسرائیل فریدلینڈر نے ''عبداللہ بن سبا اور اس کی یہودی اصل'' کے عنوان سے اپنے ایک تحقیقی مقالے میں عبداللہ بن سبا کے

ابن عساكر، أبو القاسم علي بن الحسن بن هبة الله الشافعي، (ت 571هـ) مختصر تاريخ دمشق، ج12، بيروت ص 219.

[4] الناشئ الأكبر، مسائل الإمامة ومقتطفات من الكتاب الأوسط للمقالات، تحقيق يوسف فان، 1971م، بيروت، ص22-23.

[5] القمي، أبو خلف سعد بن عبد الله الاشعري، المقالات والفرق، تحقيق مُحمَّد جواد مشكور، 1963م، طهران، ص 20-21.

یہودی ہونے اور اس کے یمنی النسل ہونے کے حق میں متعدد دلائل پیش کیے ہیں[6]۔

و) احمد امین لکھتے ہیں:

ابن السوداء یہ شخص سیدنا ابو الدرداء رضی اللہ عنہ اور سیدنا عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کے پاس آیا[7]، مگر ان دونوں نے اس کی بات قبول نہ کی۔ پھر سیدنا عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ[8] اسے سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ[9] کے پاس لے

---

[6] بدوي، عبد الرحمن، مذاهب الإسلاميين، ج2، دار العلم للملايين، بيروت، ص 219.

[7] أبو الدرداء، عويمر أو عامر، واسم أبيه ثعلبة أو عبد الله، اسلم يوم بدر، ولاه معاوية قضاء دمشق توفي سنة 32هـ، ابن حجر احمد بن علي العسقلاني، الإصابة في تمييز الصحابة، نشردار التراث العربي،ط1، 1328 هـ،ج4، بيروت، ص 28.

[8] عبادة بن الصامت كان من النقباء، شهد بدراً و المشاهد كلها مع رسول الله – ﷺ – أرسله عمر بن الخطاب – رضي الله عنه – إلى فلسطين ليعلم أهلها القرآن ويفقههم في الدين، توفي سنة 34 هـ، وقيل عاش إلى سنة 45 هـ، الإصابة ج4،ص 28.

[9] معاوية بن أبي سفيان، اسلم بعد الحديبية، وكتم إسلامه حتى أظهره عام الفتح، وكان في القضاء مسلما، أورده ضمن كتاب النبي – ﷺ – كثير من المؤرخين كالطبري في تاريخ الأمم والملوك– تحقيق مُحَمَّد أبو الفضل إبراهيم ج6،ص179، واليعقوبي احمد بن أبي يعقوب بن جعفر، ط دار صادر بيروت،ج2، ص 81 وغيرهما.

گئے اور فرمایا: اللہ کی قسم! یہی وہ شخص ہے جس نے تمہارے خلاف ابوذر[10] کو بھڑکایا تھا۔ ہم جانتے ہیں کہ ابن السوداء اسی عبداللہ بن سبائ کا لقب تھا، اور وہ صنعاء کا ایک یہودی تھا[11]۔

ز) ڈاکٹر صالح دراد کہ لکھتے ہیں:

فتنے سے متعلق روایات ہمیں صرف سیف بن عمر تمیمی کے طریق سے نہیں پہنچی ہیں، بلکہ دیگر طرق سے بھی منقول ہیں۔ مجموعی طور پر یہ تمام روایات سیف کی روایت کے خلاف نہیں، بلکہ اس کی صحت کی تائید کرتی ہیں اور اس میں بعض مزید تفصیلات کا اضافہ بھی کرتی ہیں۔ اگر مؤرخین نے سیف کی روایت کو اختیار کیا ہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ انہوں نے اس میں اس پوشیدہ ہاتھ کی نشاندہی دیکھی جو سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے خلاف منظم ہونے والی مخالفت کے پس پردہ سرگرم تھا۔

---

[10] أبو ذر، جندب بن جنادة الغفاري، كان رابع أربعة سبقوا إلى الإسلام، توفي بالربذة – عام 32 هـ، طبقات ابن سعد، ج 4، ص 161-171 .

[11] أمين، أحمد، 1969م، فجر الإسلام، دار الكتاب اللبناني، ط1، ص 136.

پھر آگے چل کر وہ کہتے ہیں:

اس بنا پر قدیم مؤرخینِ ملل و نحل کی بیان کردہ روایات میں سبئیہ کے وجود کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ البتہ سبئیہ کے وجود کی حقیقت جتنی واضح ہے، اتنی ہی ایک دوسری حقیقت بھی ہماری نگاہوں سے اوجھل نہیں رہنی چاہیے، اور وہ یہ ہے کہ اگر داخلی سطح پر پہلے سے مخالفت موجود نہ ہوتی تو عبد اللہ بن سبا اپنے مقاصد میں ہر گز کامیاب نہ ہو سکتا تھا[12]۔

مذکورہ بالا تمام روایات اس امر پر دلالت کرتی ہیں کہ عبد اللہ بن سبا صنعاء کا ایک یہودی تھا۔ اس زمانے میں، جب صنعاء حبشیوں کے قبضے میں تھا، وہ یہودیوں کا ایک اہم مرکز شمار ہوتا تھا، اور بظاہر یہودی وہاں حبشیوں کے یمن پر حملہ کرنے سے بھی پہلے سے آباد تھے[13]۔

---

[12] درادكة، صالح موسى، 1992م، العلاقات العربية اليهودية حتى نهاية عهد الخلفاء الراشدين، ط1، عمان، ص 203-411.

[13] مجلة الرسالة المصرية، عدد 775، ص 525

عبد اللہ بن سبا کے یہودی ہونے کی مزید تائید اس بات سے بھی ہوتی ہے جسے امام ابن حزم اندلسی نے ذکر کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

غالی فرقوں کا دوسرا گروہ وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کی الوہیت کا عقیدہ رکھتا ہے، اوران میں سب سے پہلے عبد اللہ بن سبا حِمیری کے پیروکار تھے[14]۔

امام ابن حزم نے عبد اللہ بن سبا کی نسبت قبیلۂ حِمیر کی طرف کی ہے، اور قبیلۂ حِمیر صنعاء میں آباد تھا۔

کتاب «قرة العیون بأخبار الیمن المیمون» کے محقق لکھتے ہیں:

"صنعاء بیشتر اسلامی ادوار میں یمن کا دارالحکومت رہا ہے اور قدیم ترین عرب شہروں میں شمار ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس کی بنیاد طوفانِ نوح کے بعد رکھی گئی تھی۔ یہ جزیرۂ عرب کی دلہن، اس کا درخشاں تاج، اور مملکتِ حِمیر کا مرکز تھا۔ اسی قبیلۂ حِمیر کی طرف کعب بن ماتع الرعینی الحمیری کی نسبت ہے، جو

---

[14] ابن حزم، أبو محمّد علي بن احمد بن حزم، –الفصل في الملل و الأهواء والنحل، تحقيق محمّد إبراهيم نصر وزميله، ج4،ص186

کعب الاحبار کے نام سے مشہور ہوئے۔ وہ اہلِ کتاب کے جلیل القدر عالم اور ان کے بڑے احبار میں سے تھے[15]۔

ابن قتیبہ کا بیان ہے کہ: 'یہودیت کا چلن (یمن کے قبائل) حمیر، بنی کنانہ، بنی الحارث بن کعب اور کندہ میں تھا[16]۔

اور جن مراجع و مصادر تک میری رسائی ہو سکی ہے، ان میں عبد اللہ بن سبا کے والد کے نام کا کوئی تذکرہ نہیں ملتا۔۔ سوائے تاج العروس کے مصنف زبیدی کے، جنہوں نے یہ ذکر کیا ہے کہ (فروہ بن مسیک المرادی) کی حدیث میں جس ''سبا'' کا ذکر آیا ہے، وہ دراصل غالیوں کے فرقے سبئیہ کے بانی، عبد اللہ بن سبا کا والد ہے[17]۔ تاہم، یہ رائے حقیقت اور صحت سے کوسوں دور معلوم ہوتی ہے۔ حقیقت یہ ہو سکتی ہے کہ اس کا والد خالص حمیری نسل سے ہو، یا یہ بھی ممکن ہے کہ وہ ولاء (موالات و وفاداری) کے تعلق کی بناپر اس قبیلے

---

[15] ابن الديبع، وجيه الدين عبدالرحمن بن علي الشيباني، قرة العيون بأخبار اليمن الميمون، تحقيق مُحَمَّد بن علي الأكوع-المكتبة السلفية في القاهرة، ص39.

[16] ابن قتيبة الدينوري، أبو مُحَمَّد عبد الله، المعارف، دار الكتب العلمية، بيروت، ص339.

[17] الزبيدي، مُحَمَّد مرتضى، تاج العروس، المطبعة الخيرية، ج1، ص75-76.

سے منسوب ہوا ہو، اور یہ بھی احتمال ہے کہ وہ ان ابناء (یمن میں مقیم فارسی نسل) میں سے ہو[18] جن کے باپ کا اتہ پتہ نہیں تھا۔ جہاں تک اس کی ماں کا تعلق ہے، تو وہ حبشی نسل سے تھی[19]، اور اسی وجہ سے اسے ''ابن السودا'' (سیاہ فام عورت کا بیٹا) کا لقب ملا۔

---

[18] الأبناء: هم أبناء فارس الذين أرسلهم كسرى لنجدة سيف بن ذي يزن الحميري، وقد اختلفوا في سبب تسميتهم بالأبناء على أقوال أوجهها أن كسرى لما جهز الجيش المذكور، قال له المزاربة: امده بمن في سجونك، فان ظفروا فأبناءك، فان قتلوا فأعداءك، فأمده بهم وو صبحهم له. وقيل: سموا بالأبناء لأنهم يقال لهم هؤلاء أبناء سيف، وقيل غير ذلك.

یہ اہلِ فارس ایران کی وہ اولاد ہیں جنہیں کسریٰ (شاہِ فارس) نے سیف بن ذی یزن حمیری کی مدد کے لیے بھیجا تھا۔ ان کا نام الابناء پڑنے کی وجہ میں مختلف اقوال ہیں، جن میں سے سب سے زیادہ جاندار اور قوی قول یہ ہے کہ جب کسریٰ نے مذکورہ لشکر تیار کیا، تو درباری وزراء (مرازبہ) نے اس سے کہا: ان کی مدد ان لوگوں سے کیجیے جو آپ کی جیلوں میں بند ہیں؛ اگر وہ غالب آ گئے تو وہ آپ کے فرزند (وفادار بیٹے) ٹھہریں گے، اور اگر وہ مارے گئے تو وہ آپ کے دشمن ہی تھے (جن سے چھٹکارا مل گیا)۔ چنانچہ کسریٰ نے ان قیدیوں کے ذریعے اس کی مدد فرمائی اور انہیں اس کے سپرد کر دیا۔ اور ایک قول یہ بھی ہے کہ انہیں الابناء اس لیے کہا گیا کیونکہ ان کے بارے میں یہ کہا جاتا تھا کہ یہ سیف کے بیٹے ہیں، اور اس کے علاوہ بھی اقوال کہے گئے ہیں۔

[19] تحدث لبن حبيب عن ابن سبأ واعتبره أحد أبناء الحبشيات. ابن حبيب: أبو جعفر مُحَمَّد بن حبيب بن أميه، المحبر، تحقيق ايلزا ليختن، دار الأفاق، بيروت، ص308.

تاریخی طور پر یہ بات ثابت ہے کہ حبشیوں اور یمنیوں کے باہمی اختلاط اور شادی بیاہ کے نتیجے میں یمن میں ایک دوغلی اور مخلوط نسل نے جنم لیا تھا، اور بعید نہیں کہ ابن سبا بھی اسی نسل کا ایک فرد رہا ہو۔ اسی مخلوط نسل کی طرف کمیت نے نزار کے مقابلے میں یمنیوں پر مفاخرت کرتے ہوئے اپنے اس شعر میں اشارہ کیا ہے کہ:

ہمارے لیے ہی آسمان کا چاند ہے اور ہر وہ ستارہ ہے، جس کی طرف ہدایت اور راستہ پانے والوں کے ہاتھ اشارہ کرتے ہیں۔

میں نے دیکھا کہ جب اللہ نے "نزار" کا نام بلند کیا، تو اسے مکہ کے مکینوں میں آباد فرما دیا۔

اس (اللہ) نے تمام تر مکارم اور اخلاقی عظمتوں کو خالصتاً ہمارے لیے مخصوص کر دیا؛ پس باقی لوگوں کے حصے میں (ذلت کی) گدی آئی اور ہمارے حصے میں (عزت و سرفرازی کی) پیشانی آئی۔

اور نزار کی بیٹیوں نے کبھی بھی کسی سیاہ فام (حبشی) یا سرخ فام (رومی/ فارسی) کو اپنا شوہر (اور کفو) نہیں پایا[20]۔

اور اس ''سبا'' سے مراد جس کی طرف عبد اللہ بن سبا منسوب کیا جاتا ہے، خود ملکِ یمن ہے؛ چنانچہ ہر یمنی باشندے کے بارے میں یہ کہنا بالکل درست ہے کہ وہ ''ابن سبا''(سبا کا بیٹا) ہے، بالکل اسی طرح جیسے کسی مصری کو ''ابن النیل''(نیل کا بیٹا) کہہ دیا جاتا ہے، اور اسی پر دیگر مثالوں کو قیاس کیا جا سکتا ہے۔۔۔اور اہل یمن کی سبا کی طرف یہ نسبت ایک اور روایت سے مزید مستحکم ہو جاتی ہے جسے یعقوب بن شیبہ نے اپنی کتاب (مسند امیر المؤمنین عمر بن الخطاب) میں نقل کیا ہے، وہ بیان کرتے ہیں کہ :''وہ اہل یمن میں سے (قبیلہ یا ملک) سبا سے تعلق رکھتے تھے[21]۔

بیشک قرآن کریم نے سورہ النمل میں اس واقعے کی حکایت بیان فرمائی ہے جو ہدہد نے ہمارے سردار حضرت سلیمان علیہ السلام کے سامنے یوں پیش کیا تھا: ''پھر وہ (ہدہد) زیادہ دیر نہ رکا، (اور حاضر ہو کر) کہنے لگا: میں ایک ایسی بات

---

[20] الشابي، علي، مباحث في علم الكلام والفلسفة، دار أبو سلامه، تونس، ص20.

[21] جواد، سامي، مسند عمر بن الخطاب، بيروت،ص68.

معلوم کر کے آیا ہوں جو آپ کے علم میں نہیں ہے، اور میں آپ کے پاس (ملکِ)سبا سے ایک یقینی اور سچی خبر لے کر آیا ہوں۔ میں نے وہاں ایک ایسی عورت کو دیکھا ہے جو ان پر حکومت کرتی ہے، اسے ہر طرح کا ساز و سامان دیا گیا ہے اور اس کا ایک عظیم الشان تخت ہے[22]۔

قرآن کریم میں ایک پوری سورت موجود ہے جسے ''سورہ سبا'' کا نام دیا گیا ہے، اور قرآن نے ہمیں اس فراخ رزق اور دائمی نعمتوں کے احوال سے باخبر کیا ہے جن میں وہ (اہلِ سبا) زندگی بسر کر رہے تھے۔ انہوں نے اس بند (ڈیم) کے پیچھے، جو ''سدِ مأرب'' کے نام سے معروف ہوا، وافر مقدار میں پانی ذخیرہ کر رکھا تھا۔ لیکن جب انہوں نے حقیقی منعم (نعمتیں عطا کرنے والے اللہ) کا شکر ادا کرنے، عملِ صالح بجالانے اور پسندیدہ طور طریقہ اختیار کرنے سے اعراض کیا، تو اللہ نے ان سے اس خوشحالی کا سبب ہی چھین لیا جس میں وہ مگن تھے۔ اور ان پر ایک ایسا تند و تیز اور جڑ سے اکھاڑ دینے والا سیلاب (سیلِ عرم) بھیج دیا جو اپنے راستے میں ''عرم''، یعنی بھاری پتھر بہا لایا؛ چنانچہ وہ بند ٹوٹ گیا اور پانی چاروں طرف پھیل گیا، پس اس نے سرکشی اختیار کی اور زمین کو غرقاب کر

---

[22] سورة النمل، الآية: 22.

دیا۔ اور ان کے وہ وسیع و شاداب اور مہکتے ہوئے باغات، ایک ایسے چٹیل ریگستان میں تبدیل ہو گئے جہاں خودرو اور جھاڑ دار جنگلی درخت یہاں وہاں بکھرے ہوئے تھے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور ہم نے ان کے ان دو باغات کے بدل میں انہیں دو ایسے باغات دے دیے جو بدمزہ (کڑوے کاسنی) پھلوں، جھاؤ کے درختوں اور کچھ تھوڑے سے بیری کے درختوں پر مشتمل تھے۔ یہ بدلہ ہم نے انہیں ان کی ناشکری کی وجہ سے دیا، اور ہم ایسا بدلہ صرف ناشکروں ہی کو دیتے ہیں[23]۔

یہ بات بھی ممکن (اور قرینِ قیاس) ہے کہ ابن سبا نے اپنے یہودی باپ کا نام ہم سے جان بوجھ کر چھپایا ہو، تاکہ لوگ اس کی اصل حقیقت سے واقف نہ ہو سکیں۔ رہا معاملہ اس رائے کا جس کی طرف بغدادی گئے ہیں کہ ابن سبا بنیادی طور پر اہل حیرہ (عراق) میں سے تھا، جہاں انہوں نے لکھا ہے کہ: ابن السوداء — یعنی ابن سبا — اصل میں حیرہ کا رہنے والا ایک یہودی تھا[24]۔ اور اسی (حیرہ والی) رائے میں امامِ فاضل (محمد ابو زہرہ) نے بھی اپنی کتاب

---

[23] سورة سبأ، الآيتان 15،16.

[24] البغدادي، عبد القاهر، الفرق بين الفرق وبيان الفرقة الناجية منهم، تحقيق مُحَمَّد محي الدين عبدالحميد، طبع المدني، القاهرة، ص238.

المذاہب الاِسلامیۃ میں ان کی اتباع و پیروی کی ہے[25]۔تو یہ بات ان روایات کے متصادم اور معارض نہیں ہے جو یہ کہتی ہیں کہ وہ اصلاً یمنی تھا؛ کیونکہ یہ بالکل ممکن ہے کہ وہ اصالتاً یمنی ہو اور پھر ہجرت کرکے عراق کے شہر حیرہ چلا گیا ہو، یہ جانتے ہوئے کہ حیرہ تمام یہودیوں، دیگر مذاہب کے پیروکاروں اور مختلف نظریات کا مرکز تھا۔اور یہ بات بھی یقینی ہے کہ مسلمانوں نے جب کوفہ کی شہر سازی اور منصوبہ بندی کی، تو ابتدائی مرحلے میں یہودی وہاں منتقل نہیں ہوئے، بلکہ وہ حیرہ ہی میں مقیم رہے۔اور (اسی تاریخی پس منظر میں) حجاج بن یوسف ثقفی نے (سنہ ۷۷ ہجری میں) کوفہ کے منبر پر کھڑے ہو کر کہا تھا: ”اے اہل کوفہ ! اللہ اسے عزت نہ دے جو تمہارے ذریعے عزت کا طالب ہو، اور نہ اس کی مدد کرے جو تمہارے ذریعے نصرت کا خواہاں ہو۔ ہمارے پاس سے نکل جاؤ، ہمارے ساتھ ہمارے دشمن کے خلاف جنگ میں شریک نہ ہو، اور حیرہ میں جا کر یہودیوں اور عیسائیوں کے ساتھ رہو[26]۔اس کے بعد جب ابن سبا مدینہ منورہ آیا، اور وہاں (مدینہ منورہ میں) رائج مذہبی اور سماجی زندگی کو قریب سے دیکھا اور اس کا حصہ بنا، تو اس نے وہاں ایک مخصوص

---

[25] أبو زهره، محمّد، تاريخ المذاهب الإسلامية، دار الفكر العربي، القاهرة، ص64.

[26] ي.س.غنيمة، نزهة المشتاق في تاريخ يهود العراق، ط بغداد، ص60.

موقف اختیار کرلیا جو خلیفہ اور ان کے قرابت داروں کے خلاف بغض و عناد پر مبنی تھا۔ یہ موقف ابن سبا کے اس باطل زعم کی وجہ سے تھا کہ خلیفہ نے اپنے رشتہ داروں کو مال اور اقتدار کے لیے مخصوص کر رکھا ہے۔ چنانچہ اس نے یہاں وہاں اپنے حامیوں کو پھیلانا شروع کر دیا تاکہ وہ مسلمانوں کے سامنے — جھوٹ اور بہتان کے طور پر — عثمان رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت کی خامیاں اور برائیاں آشکار کریں اور لوگوں کو بغاوت پر اکسائیں۔ فارسی مؤرخ ''میر خواند'' کا بیان ہے کہ عثمان رضی اللہ عنہ کے خلاف ابن سبا کے کینے اور حقد کا اصل سبب یہ تھا کہ: وہ جب مدینہ آیا تھا تو اسے یہ امید تھی کہ خلیفہ اس کی آؤ بھگت اور تکریم کریں گے۔ لیکن جب اسے اپنی مراد حاصل نہ ہوئی، تو اس نے خلیفہ سے ناراض اور نالاں لوگوں سے رابطے استوار کرنا شروع کر دیے اور کھلم کھلا عثمان رضی اللہ عنہ کے انتظامی امور پر اعتراضات داغنے لگا۔ بالاخر عثمان رضی اللہ عنہ تک اس کی خبر پہنچی تو انہوں نے فرمایا: یہ کون یہودی ہے جس کی یہ باتیں میں برداشت کر رہا ہوں؟ چنانچہ انہوں نے اسے مدینہ سے جلاوطن کرنے کا حکم دے دیا۔ پھر وہ آخر کار مصر چلا گیا اور وہاں عثمان

رضی اللہ عنہ کے خلاف سرگرم فتنہ پروروں اور سازشیوں میں شامل ہو گیا[27]۔

[27] الشابي، علي، مباحث في علم الكلام والفلسفة، مرجع سابق، ص20.

عبداللہ بن سبا کے وجود کا انکار کرنے والوں کے شبہات اور ان کا ابطال ورد (تفنید)

معاصر (دورِ حاضر کے) مصنفین اور اہل قلم کے ایک گروہ نے عبداللہ بن سبا کے وجود کا سرے سے انکار کرنے کی کوشش کی ہے،اور اس معاملے میں انہوں نے مختلف راہیں اختیار کی ہیں۔ان میں سے بعض تو وہ ہیں جنہوں نے اس کے وجود ہی کو تسلیم نہیں کیا، جبکہ بعض کا کہنا یہ ہے کہ :اگر ہم بحث اور فرضی طور پر (جدلاً)اس کے وجود کو تسلیم کر بھی لیں،تب بھی ہم اس بات کا انکار کرتے ہیں کہ نوخیز اسلامی ریاست کے ابتدائی دور میں رونما ہونے والے فتنوں میں اس کا اس قدر (بڑا)اثر ورسوخ رہا ہو۔ چنانچہ ہم ان تمام شکوک و شبہات اور اوہام کو یہاں پیش کریں گے تاکہ ان کی حقیقت اور زائف و باطل ہونا واضح کیا جاسکے۔

اولاً: مرتضیٰ عسکری کے شکوک وشبہات:

نجف اشرف میں کلیۃ علوم الدین کے ڈیڈ (عمید) مرتضیٰ عسکری نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ جن مؤرخین نے بھی عبداللہ بن سبا کے احوال پر گفتگو کی ہے، ان کے اکثریتی طبقے نے اپنی معلومات امام طبری سے اخذ کی ہیں، اور یہ کہ طبری نے اس سلسلے میں مشہور اخباری وراوی سیف بن عمر[28] کی روایات پر تکیہ کیا ہے، جنہیں علمائے جرح و تعدیل نے مجروح (ناقابلِ اعتبار) قرار دیا ہے۔ مرتضیٰ عسکری کا بیان ہے کہ: چنانچہ جب ہم سیف کی شخصیت پر تحقیق کے لیے کتبِ رجال کی طرف رجوع کرتے ہیں، تو ہم دیکھتے ہیں کہ رجالی ائمہ اسے ان الفاظ میں موصوف کرتے ہیں کہ: وہ مجہول راویوں کی ایک بہت بڑی جماعت سے روایت کرتا ہے، وہ حدیث میں ضعیف ہے، اس کی کوئی حیثیت نہیں (لیس بشیء)، وہ متروک الحدیث ہے، حدیثیں گھڑتا (وضع کرتا) تھا، روایت کے باب میں وہ ساقط الاعتبار ہے، وہ ثقہ راویوں کی طرف منسوب کر کے من گھڑت (موضوع) روایات نقل کرتا ہے، اس کی عام

---

[28] سيف بن عمر الضبي التميمي الكوفي- مؤلف كتاب (الفتوح والردة) وكتاب(الجمل وسير عائشة وعلي) توفي سنة 170هـ، ابن النديم، الفهرست،ص137

احادیث منکر ہیں، اور وہ وضعِ حدیث اور زندقہ (ملحدانہ الحاد) کے الزام سے متہم ہے[29]۔

ہم (اس کے جواب میں) یہ کہتے ہیں کہ: بیشک علمائے جرح وتعدیل نے اسے مجروح قرار دیا ہے؛ چنانچہ اس کے بارے میں (امام) نسائی نے فرمایا ہے: سیف بن عمر الضبی ضعیف ہے[30]۔ ابو حاتم رازی نے اس کے متعلق کہا ہے: ہم سے عبدالرحمن نے بیان کیا، انہوں نے کہا کہ میرے والد سے سیف بن عمر الضبی کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا: وہ متروک الحدیث ہے، اور اس کی حدیثیں (روایت کے اسلوب میں) واقدی کی حدیثوں سے مشابہت رکھتی ہیں، ابن معین نے اس کے بارے میں فرمایا ہے: سیف حدیث کا ضعیف ہے[31]۔ امام ذہبی نے اس کا تذکرہ کرتے ہوئے صرف اسی

---

[29] العسكري، مرتضى، 1972م،عبد الله بن سبأ وأساطير أخرى، دار الغدير، بيروت، ص17.

[30] ابن حبان، محمد البستي ، المجرحين من المحدثين والضعفاء والمتركين، تحقيق محمود إبراهيم زايد، حلب،ص14.

[31] ابن أبي حاتم الرازي، عبدالرحمن، الجرح والتعديل، مطبعة جمعية دائرة المعارف العثمانية، حيدر أباد الدكن، ط1، ج2،ص378.

قول پر اکتفا کیا ہے کہ :ابن معین اور دیگر ائمہ نے اسے ضعیف قرار دیا ہے[32]۔اور ابن حجر کے نزدیک:''سیف حدیث میں ضعیف ہے[33]۔ لیکن(یہ نکتہ ملحوظِ خاطر رہے کہ)احادیثِ نبویہ شریفہ کے باب میں اس کی مرویات پر جو طعن اور جرح کی گئی ہے، وہ لازمی طور پر ان تاریخی اخبار و واقعات پر لاگو نہیں ہوتی جنہیں وہ روایت کرتا ہے؛ کیونکہ احادیثِ نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم شریعت کا وہ حصہ ہیں جن پر احکام کی بنیاد رکھی جاتی ہے، جن سے حلال و حرام اخذ کیا جاتا ہے، اور جن کے ذریعے حدود نافذ کی جاتی ہیں؛ پس احادیث کا تعلق تشریعِ اسلامی کے ایک ایسے بنیادی اصل سے ہے جو کہ سنّتِ نبویہ غراء(روشن سنت)ہے۔

تاریخی اخبار(واقعات)کی روایت کا معاملہ (احادیث سے)مختلف ہے؛ کیونکہ یہ تاریخی اخبار اگرچہ اہم تو ہیں، لیکن ان کی اہمیت احادیثِ نبویہ کے مرتبے

---

[32] الذهبي ،محمد بن احمد بن عثمان، الكاشف في معرفة من له رواية في الكتب الستة، تحقيق عزت علي عيد عطيه وزميله، 1972م، نشر دار الكتب الحديثة، القاهرة، ج1،ص416.

[33] ابن حجر العسقلاني، احمد بن علي، تقريب التهذيب، تحقيق عبد الوهاب عبد اللطيف،1975م،ط2،نشر دار المعرفة،بيروت،ج1،ص344.

تک نہیں پہنچتی،اور نہ ہی ان سے کوئی ایسے شرعی احکام صادر ہوتے ہیں جن کی پابندی لازم ہو؛ کیونکہ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ) ہر انسان کی بات قبول بھی کی جاسکتی ہے اور چھوڑی بھی جاسکتی ہے، سوائے اس قول کے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے صحیح سند کے ساتھ ثابت ہو۔ اور آیئے ہم دوبارہ جرح وتعدیل کی ان کتابوں کی طرف رجوع کریں جنھوں نے سیف کو بطورِ محدث تو مجروح قرار دیا ہے، تاکہ ہم یہ دیکھ سکیں کہ بطورِ مؤرخ اور اخباری (تاریخی راوی) ان کا سیف کے بارے میں کیا حکم ہے۔ چنانچہ امام ذہبی نے فرمایا ہے: سیف ایک (ماہر) اخباری اور (تاریخ کا گہرا) علم رکھنے والا تھا[34] ۔حافظ ابن حجر نے فرمایا ہے: وہ حدیث میں ضعیف ہے (لیکن) تاریخ میں بنیادی ستون اور مستند (عمدہ) ہے[35]، تو پھر ہم کیوں کچھ اقوال کو تو لے لیتے ہیں اور کچھ دوسرے اقوال کو چھوڑ دیتے ہیں؟ اور حقیقت تو یہ ہے کہ عبد اللہ بن سبا کے احوال و اخبار پر تنہا سیف بن عمر ہی وہ واحد مأخذ اور مصدر نہیں ہے جس نے ان روایات کو مخصوص کر رکھا ہو، بلکہ ابن سبا اور اس کے گروہ

---

[34] الذهبي، محمَّد بن احمد بن عثمان، ميزان الاعتدال، تحقيق محمَّد علي البجاوي، 1963م، دار أحياء الكتب العربية، ط1، القاهرة، ج2، ص255.

[35] ابن حجر العسقلاني، احمد بن علي، تقريب التهذيب، مرجع سابق، ج1، ص344.

کے احوال متقدمین (قدیم) علماء اور سیف بن عمر کے علاوہ دیگر ایسے راویوں سے بھی منقول ہو کر وارد ہوئے ہیں جیسے کہ :

الف: یحییٰ بن حمزہ زبیدی کی کتاب (طوق الحمامہ) میں سوید بن غفلہ جعفی کوفی متوفی سن (80ھ/699ء) سے منقول ہے کہ وہ امیر المؤمنین علی رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں ان کے پاس حاضر ہوئے اور عرض کیا: میں کچھ ایسے لوگوں کے پاس سے گزرا ہوں جو ابو بکر اور عمر رضی اللہ عنہما کا برے الفاظ میں تذکرہ کر رہے تھے، اور وہ یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ آپ بھی اپنے دل میں ان دونوں کے لیے ایسے ہی منفی جذبات چھپائے ہوئے ہیں، اور ان برائی کرنے والوں میں عبداللہ بن سبا بھی شامل ہے۔ یہ سن کر علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرا اس خبیث اور سیاہ بخت سے کیا لینا دینا! پھر انہوں نے فرمایا: اللہ کی پناہ کہ میں ان دونوں کے لیے اپنے دل میں خیر اور بھلائی کے سوا کچھ اور چھپاؤں۔ اس کے بعد انہوں نے ابن سبا کی طرف پیغام بھیجا اور اسے مدائن کی طرف جلاوطن کر دیا، اور خود منبر کی طرف بڑھے، یہاں تک کہ جب لوگ جمع ہو گئے تو انہوں نے ان دونوں ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کی خوب مدح و ثنا فرمائی، اور پھر ارشاد فرمایا: اگر مجھے کسی بھی شخص کے بارے میں یہ پتہ چلا کہ

وہ مجھے ان دونوں پر فضیلت دیتا ہے، تو میں اسے مفتری (جھوٹا تہمتی) کی حد (یعنی اسی کوڑے) لگاؤں گا[36]۔

ب: حافظ ابن عساکر نے زید بن وہب جہنی کوفی متوفی سن (90ھ/709ء) سے روایت کی ہے، انہوں نے کہا: امیر المؤمنین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرا اس خبیث اور سیاہ بخت — یعنی عبد اللہ بن سبا — سے کیا لینا دینا! وہ ابو بکر اور عمر رضی اللہ عنہما کی عیب جوئی اور تنقیص کیا کرتا تھا[37]۔

ج۔ امام ابن سعد نے اپنی کتاب الطبقات میں ابراہیم بن یزید نخعی متوفی سن (96ھ/714ء) سے روایت کی ہے کہ ایک شخص ابراہیم نخعی کے پاس آیا کرتا تھا اور ان سے علم سیکھتا تھا۔ اسی دوران اس نے کچھ لوگوں کو علی اور عثمان رضی اللہ عنہما کے معاملے کا تذکرہ کرتے ہوئے سنا، تو اس نے اپنے دل میں کہا: کیا میں اس شخص سے علم حاصل کر رہا ہوں؟ جبکہ میں دیکھ رہا ہوں کہ لوگ علی اور عثمان کے معاملے میں باہم دست و گریبان اور اختلاف کا شکار ہیں؛

---

[36] الهي ظهير، إحسان، السنة والشيعة، نشر إدارة ترجمة السنة- الهور، باكستان- ص 8، نقلا عن طوق الحمامة ليحيى بن حمزة الزبيدي.

[37] ابن عساكر، مختصر تاريخ دمشق، مرجع سابق، م 12، ص 222.

چنانچہ اس نے ابراہیم نخعی سے اس کے بارے میں سوال کیا، تو انہوں نے فرمایا: ”نہ تو میں سبئی (عبد اللہ بن سبا کے نظریات کا حامل) ہوں اور نہ ہی مرجئی (ارجاء کا عقیدہ رکھنے والا) ہوں[38]۔

د۔ حافظ ابن عساکر نے تاریخ دمشق میں شعبی (عامر بن شراحیل حمیری یمنی) متوفی سن (103ھ/721ء) سے روایت کی ہے، انہوں نے فرمایا: سب سے پہلے جس شخص نے (اسلام میں عقائد کے باب میں) جھوٹ گھڑا، وہ عبد اللہ بن سبا تھا۔ اور اسی طرح ابن عساکر نے ابن الطفیل (عامر بن واثلہ لیثی) رضی اللہ عنہ، جو کہ آخری رحلت فرمانے والے صحابی ہیں اور ان کی وفات سن (110ھ/728ء) میں ہوئی، سے روایت کی ہے، انہوں نے بیان کیا: میں نے مسیب بن نجبہ کو دیکھا کہ وہ اسے پکڑ کر لا رہے تھے جبکہ لوگ اس کے گرد شور مچا رہے تھے ـــ یعنی ابن السوداء (ابن سبا) کو ـــ اور علی رضی اللہ عنہ اس وقت منبر پر تشریف فرما تھے۔ تو علی رضی اللہ عنہ نے دریافت

---

[38] ابن سعد، أبو عبد الله محمّد بن سعد الزهري، الطبقات الكبرى، ج 6، ص 192، طبعة دار صادر، بيروت.

فرمایا: اس کا کیا معاملہ ہے؟ انہوں نے عرض کیا: یہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ باندھتا ہے[39]۔

ھ۔ امام (ابن جریر) طبری نے نقل کیا ہے کہ قتادہ بن دعامہ سدوسی متوفی سن (117ھ/735ء) جب اللہ تعالیٰ کا یہ فرمانِ عالی شان تلاوت فرماتے: (فَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ زَيْغٌ...الآية -پس جن لوگوں کے دلوں میں کجی اور ٹیڑھا پن ہے...) تو وہ فرماتے: اگر اس سے مراد حروریہ (خوارج) او سبئیہ (عبد اللہ بن سبا کے پیروکار) نہیں ہیں، تو پھر میں نہیں جانتا (کہ اس سے کون مراد ہے)[40]۔

جیسا کہ بالکل واضح ہے، ان روایات کے ناقلین میں سے کسی نے بھی یہ ذکر نہیں کیا کہ یہ روایات سیف بن عمر سے نقل کی گئی ہیں؛ جو اس بات کی صریح دلیل ہے کہ یہ تاریخی خبر نقل کرنے میں سیف بن عمر تمیمی منفرد نہیں ہے، بلکہ یہ دیگر راویوں سے بھی مروی ہے جن میں سے بعض تو سیف پر زمانی

---

[39] ابن عساکر، مختصر تاریخ دمشق، مرجع سابق، م 12، ص 221.

[40] الطبري، أبو جعفر محمّد بن جرير، جامع البيان في تفسير القران، وبهامشه تفسير غرائب القران للنسيابوري، نشر دار الجيل، بيروت، ج3، ص 119.

اعتبار سے مقدم (پہلے) ہیں۔ اور اس کے باوجود کہ استاد مرتضیٰ عسکری سیف کی روایت کو قبول کرنے سے اس حجت کے ساتھ انکار کرتے ہیں کہ علمائے جرح وتعدیل نے اسے مجروح قرار دیا ہے — بطورِ محدث، نہ کہ بطورِ اخباری (تاریخی راوی) — ہم یہ دیکھتے ہیں کہ وہ خود ابو مخنف[41] کی روایات کو بلا جھجک قبول کر لیتے ہیں، جبکہ علمائے جرح وتعدیل نے ابو مخنف کو بطورِ محدث اور بطورِ اخباری دونوں حیثیتوں سے مجروح اور ناقابلِ اعتبار قرار دیا ہے۔

ابو مخنف کے بارے میں امام ابن معین نے فرمایا ہے: وہ کچھ بھی نہیں ہے (یعنی روایت میں اس کی کوئی حیثیت نہیں)[42]۔ اور امام ذہبی نے اس کے متعلق فرمایا ہے: اور وہ تاریخ میں کوئی مستند یا بنیادی ستون نہیں ہے جیسا کہ سیف کا معاملہ ہے، بلکہ وہ تو ایک تباہ حال اور ناقابلِ اعتبار اخباری راوی ہے جس پر

---

[41] أبو مخنف: هو لوط بن يحيى بن سعد الأزدي الكوفي الإخباري، جرحه العلماء محدثا وإخباريا. ابن حجر, العسقلاني، لسان الميزان، نشر مطبعة مجلس إدارة المعارف النظامية بحيدر اباد الدكن، ج 4، ص 492.

[42] ابن حجر، العسقلاني، لسان الميزان، مرجع سابق، ج4، ص 492.

بھروسہ نہیں کیا جاسکتا[43]۔اور اسی طرح کے اوصاف کے ساتھ حافظ ابن حجر عسقلانی نے لسان المیزان میں اس کی مذمت و تعریف کی ہے[44]۔

ابو مخنف نے خلیفہ ءراشد عثمان رضی اللہ عنہ کے فتنے کے واقعات میں سبئیہ گروہ کا کوئی تذکرہ نہیں کیا، بلکہ اس کے ہاں عبد اللہ بن سبا کا سب سے پہلا تذکرہ علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت سے ملتا ہے؛ چنانچہ وہ ذکر کرتا ہے کہ معرکہ ءنہروان کے بعد علی رضی اللہ عنہ کے پاس ''عبد اللہ بن سبا عبد اللہ بن وہب الراسبی الہمدانی — جو خوارج کا سرغنہ تھا اور وہی ابن سبا ہے (جبکہ صحیح عبارت یوں ہے: وہ اور ابن سبا) — آئے، اور اس کے ہمراہ حجر الکندی، عمرو بن الحمق الخزاعی اور حبّہ بن جوین البجلی ثم العرنی بھی تھے؛ انہوں نے آپ سے ابو بکر اور عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں آپ کی رائے دریافت

---

[43] الذهبي، ميزان الاعتدال، مرجع سابق، ج3 ، ص 419.

[44] ابن حجر، لسان الميزان، مرجع سابق، ج4 ، ص 492.

کی، تو آپ ان پر سخت غضبناک ہوئے اور فرمایا: کیا تم لوگ اب دنیا کے تمام کام چھوڑ کر اسی کام کے لیے فارغ ہوئے ہو؟[45]۔

یہ روایت سیف بن عمر کے علاوہ کسی دوسرے اخباری کے ہاں اس بات کا پہلا اشارہ ہے کہ ابن سبا، علی رضی اللہ عنہ کی خلافت کے استحقاق کا عقیدہ رکھتا تھا۔ اور اس میں ایک ایسے اخباری کے ہاں ابن سبا کے وجود کا ثبوت بھی ملتا ہے جس پر خود مرتضیٰ عسکری پورا بھروسہ کرتے ہیں۔ پھر ابو مخنف علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد ''سبئیہ'' کا مختصر طور پر تذکرہ کرتا ہے جس سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ یہ وہ گروہ تھا جو علی رضی اللہ عنہ سے وفاداری کا دم بھرتا تھا۔ اور زیاد بن ابیہ نے حجر بن عدی الکندی[46] اور ان کے ساتھیوں کو

---

[45] أبو الشعر، هند، حركة المختار بن أبي عبيد في الكوفة، مرجع سابق، ص 332. نقلا عن انساب البلاذري، مرجع سابق، ج5، ص59.

[46] حجر بن عدي: عده البخاري من التابعين، وكان من شيعة علي في الجمل وصفين روى ابن سيرين أن ابن زياد، وهو أمير للكوفة خطب خطبة أطال فيها، فنادى حجر بن عدي: الصلاة، فمضى زيد في خطبته، فصحبه عدي بحجر وشاركه آخرون، فكتب زياد إلى معاوية يشكو إليه بغي حجر بن عدي على أميره في بيت الله، فكتب معاوية إلى زياد أن سرح به إلي، فلما جيء به إلى معاوية أمر بقتله متعظا بعاقبة عثمان، وما جراه تمادي الذين اجترأوا عليه ابن العربي، أبو بكر محمد بن عبد الله، ابن العربي، العواصم من القواصم، تحقيق محب الدين الخطيب، ط3، المكتبة السلفية بمصر، هامش ص212.

”السبئية الجانية“(جنایت کار سبئی)[47]اور”الترابية السبئية“(مٹی سے منسوب سبئی گروہ)[48]کے اوصاف سے ملقب کیا۔ابو مخنف نے ذکر کیا ہے کہ شبث بن ربعی ریاحی نے مختار ثقفی کے ساتھیوں کا تمسخر اڑایا اور انہیں ”سبئیہ“قرار دیا؛اسی طرح کوفہ کے اشراف و عمائدین نے بھی مختار اور اس کے پیروکاروں کو”سبئیہ“کہا — اور یہ بات مختار ثقفی کے خلاف ان کے

حجر بن عدی:امام بخاری نے انہیں تابعین میں شمار کیا ہے،اور وہ(جنگِ)جمل اور صفین میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھیوں(شیعہ)میں سے تھے۔ابنِ سیرین نے روایت کیا ہے کہ زیاد بن ابی سفیان نے،جب وہ کوفہ کا گورنر تھا،ایک طویل خطبہ دیا،تو حجر بن عدی نے آواز لگائی:نماز کا وقت ہو گیا ہے!مگر ابنِ زیاد اپنے خطبے میں مصروف رہا،تو حجر نے اس کی طرف کنکری پھینکی اور دیگر لوگوں نے بھی اس کام میں ان کا ساتھ دیا۔چنانچہ زیاد نے معاویہ رضی اللہ عنہ کو خط لکھا جس میں اس نے اللہ کے گھر میں اپنے امیر کے خلاف حجر بن عدی کی اس سرکشی کی شکایت کی۔تو معاویہ رضی اللہ عنہ نے زیاد کو لکھا کہ اسے میرے پاس بھیج دو۔پس جب انہیں معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس لایا گیا،تو انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے انجام سے عبرت پکڑتے ہوئے ان کے قتل کا حکم دے دیا،اور یہ کہ ان لوگوں کی درازیِ دستی نے حضرت عثمان پر کتنا بڑا فتنہ ڈھایا تھا جنہوں نے ان پر جرات کی تھی۔(حوالہ:ابنِ العربی، ابو بکر محمد بن عبد اللہ،العواصم من القواصم،تحقیق:محب الدین الخطیب،تیسرا ایڈیشن،المکتبۃ السلفیۃ مصر،حاشیہ صفحہ 212)۔

[47] البلاذري، احمد بن يحيى، (ت 297هـ)، انساب الأشراف، ج4، و ج5، القدس.

[48] الطبري، تاريخه، مرجع سابق، ج5 ، ص 775.

اس احتجاج کے دوران کی ہے جو معرکہ "جبانہ السبع" سے پہلے ہوا تھا جس میں مختار کو سن 66 ہجری میں فتح حاصل ہوئی تھی[49]۔ چنانچہ انہوں نے کہا تھا: مختار نےاور اس کے سبئی گروہ نے اپنے اسلافِ صالحین سے براءت و بیزاری کا اظہار کیا ہے[50]۔ بالکل اسی طرح خوارج نے بھی علی کرم اللہ وجہہ کے ساتھیوں کو "سبئیہ"[51] کے نام سے پکارا۔اور یہ تمام روایات جو ابو مخنف سے مروی ہیں، اور اس سے پہلے کی وہ روایات جو سیف اور دیگر راویوں سے منقول ہوئیں، یہ سب اس بات کا فائدہ دیتی ہیں کہ عبد اللہ بن سبا اور اس کے پیروکار حقیقت کی دنیا سے تعلق رکھتے تھے نہ کہ تخیل کی دنیا سے — جیسا کہ مرتضیٰ عسکری نے دعویٰ کیا ہے۔اور مرتضیٰ عسکری کا اس تاریخی خبر کو محض اس بنیاد پر مجروح اور مسترد کر دینا کہ یہ سیف سے مروی ہے، اپنی جگہ پر درست اور محلِ نظر نہیں ہے؛ کیونکہ یہ خبر سیف کے علاوہ دیگر مأخذ سے بھی وارد ہوئی ہے۔ پس عبد اللہ بن سبا کے اخبار واحوال کے لیے تنہا سیف ہی واحد

---

[49] الطبري، تاريخه، مرجع سابق، ج5، ص 25.

[50] الطبري، تاريخه، مرجع سابق، ج5، ص44.

[51] البلاذري، انساب الأشراف، مرجع سابق، ج5،ص212،والطبري،تاريخه،مرجع سابق،ج5،ص272،وج6،ص25،وص44، وأبو الشعر، هند، مرجع سابق،333.

مصدر نہیں ہے، جس طرح کہ حافظ ابن عساکر کی روایات کے طرق اور اسانید بھی صرف سیف پر منحصر نہیں ہیں، بلکہ انہوں نے اپنی تاریخ میں ایسی متعدد روایات درج کی ہیں جن کی سند میں سیف سرے سے موجود ہی نہیں ہے، اور وہ تمام کی تمام روایات ابن سبا کے وجود کو ثابت کرتی ہیں اور اس کے احوال کی تصدیق کرتی ہیں۔

جس طرح اہلِ سنت کے مراجع کے علاوہ خود شیعی مصادر بھی متنوع اور کثیر ہیں جنہوں نے عبداللہ بن سبا کے وجود کو ثابت کیا ہے۔اور ان شیعی مصادر میں فرق و مذاہب کی وہ مستند کتابیں شامل ہیں جن میں سرِفہرست الناشئ الاکبر (متوفی 293ھ) کی کتاب: مسائل الإمامة ومقتطفات من كتاب الأوسط في المقالات[52]،اور القمی (متوفی 301ھ) کی کتاب المقالات والفرق[53]،اور النوبختی (متوفی 310ھ) کی کتاب فرق الشیعہ[54] ہے۔ اور اسی طرح کتبِ رجال بھی اس کا ثبوت پیش کرتی ہیں، جن میں سے ایک رجال الکشی[55] ہے

---

[52] ابن عساكر،تاريخ مدينة دمشق،مخطوط في المكتبة الأزهرية،رقم(714)ورقة 124ب.

[53] الناشئ الأكبر،مرجع سابق،ص22-23.

[54] القمي،مرجع سابق،ص20.52-

[55] النوبختي،أبو محمّد الحسن بن موسى،1931،تصريح ريتر، استنبول،ص23.

(جس کے مؤلف ابو عمرو محمد بن عمر، متوفی 340 ہجری ہیں)[56]، انہوں نے اس کتاب میں ایک سے زائد ایسی مستند اور باقاعدہ اسانید سے مروی روایات نقل کی ہیں جو ابن سبا کی حقیقت و وجود کی تصدیق کرتی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ شیخ الطائفہ محمد بن الحسن الطوسی (متوفی 460ھ) کی کتاب رجال الطوسی[57] بھی اس کی شاہد ہے؛ اور یہ تمام شیعی مراجع ابن سبا کے وجود کو ثابت کرتے ہیں اور متأخرینِ شیعہ میں سے ان لوگوں کی علمی مذمت کرتے ہیں جنہوں نے عبد اللہ بن سبا کے وجود کا انکار کرنے یا اس کے احوال و اخبار میں شک و شبہ پیدا کرنے کی کوشش کی ہے۔ لیکن اس سب کے باوجود، استاد مرتضیٰ عسکری نے ان تمام راویوں کے اخبار کو مسترد کر دیا، اور ثقہ حفاظِ حدیث نے جو کچھ نقل کیا تھا اس پر انہوں نے قناعت نہیں کی، اور انہوں نے ملل و نحل فرق و مذاہب کی کتابوں پر سخت طعن و تشنیع کی۔ اور بات یہیں تک محدود نہیں رہی کہ انہوں نے صرف علمائے اہل سنت کے اخبار و روایات کو رد کیا ہو، بلکہ انہوں نے تو خود ائمہ و اکابرینِ شیعہ کی لکھی ہوئی باتوں کو بھی یکسر رد کر دیا۔

---

[56] الكشي، أبو عمر محمّد بن عمر، (ت340هـ)، رجال الكشي، طهران، ص98-99.

[57] الطوسي، محمّد بن الحسن، (ت460هـ) رجال الطوسي، بغداد، ص51.

ثانیاً: ڈاکٹر کامل مصطفٰی الشیبی کے شبہات:

ڈاکٹر کامل مصطفٰی الشیبی نے اپنی کتاب الصلۃ بین التصوف والتشیع (تصوف اور تشیع کا باہمی تعلق) میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ یہ ابن سبا کوئی اور نہیں، بلکہ در حقیقت جلیل القدر صحابی عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ ہی ہیں[58]۔ اور حقیقت یہ ہے کہ سب سے پہلے یہ بات کہنے والے (ہدایت الو حکیم الہلی) ہیں[59] جو برطانوی یونیورسٹیوں میں سے ایک یونیورسٹی میں پروفیسر ہیں، اور ڈاکٹر علی الوردی نے اپنی کتاب وعاظ السلاطین (سلاطین کے واعظین) میں اسی بات کی تکرار کی ہے[60]۔ اور ڈاکٹر کامل الشیبی نے اس

---

58 عمار بن ياسر بن عامر بن مالك،كان حليفاُ لبني مخزوم،وكان والده من السابقين في الإسلام ،ابن حجر، الإصابة ،مرجع سابق ،ج2،ص505.

59 الوردي ،علي،1956م.مقال من طلاب الشهرهة،مجلة الثقافة الإسلامية–السنة الأولى،بغداد،العدد11.

60 الوردي،علي، 1954م، وعاظ السلاطين، بغداد، ص 272-274، والشيبي، كامل مصطفى، والصلة بين التصوف والتشيع ، ط2 ، دار المعارف ، مصر ، ص41 وما بعدها .

موقف کی پرزور تائید کرتے ہوئے کہا ہے: اور یہ دلائل مقنع (اطمینان بخش) اور منطقی ہیں، لیکن انہیں ایسے مراجع و نصوص کی ضرورت ہے جو عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما کو ابن السوداء اور ابن سبا کا نام دیے جانے کی تائید کرتے ہوں۔ پھر ڈاکٹر الشیبی کچھ ایسے دلائل و براہین پیش کرنے لگے جن کے بارے میں انہیں یہ وہم ہوا کہ وہ ان کے اس دعوے کی تائید کرتے ہیں، اور ان میں سے ایک یہ ہے کہ: ابن سبا ابن السوداء کے نام سے جانا جاتا تھا، اور ہم دیکھ چکے ہیں کہ عمار کی کنیت بھی کس طرح ابن السوداء کہی جاتی تھی۔ عمار رضی اللہ عنہ ایک یمنی باپ کی اولاد تھے، اور اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ ''ابنائے سبا'' (سبا کے بیٹوں) میں سے تھے؛ کیونکہ ہر یمنی کے بارے میں یہ کہنا درست ہے کہ وہ ''ابنِ سبا'' (سبا کا بیٹا) ہے، اور تمام اہلِ یمن اپنا نسب — سبا بن یشجب بن قحطان — سے جوڑتے ہیں۔ اور قرآنِ کریم میں ہے: ہدہد نے سلیمان علیہ السلام سے کہا تھا کہ وہ ان کے پاس ''سبا'' سے آیا ہے، اور اس سے اس کی مراد یمن ہی تھا۔ مزید برآں، عمار رضی اللہ عنہ علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے شدید محبت رکھتے تھے، ان کے لیے لوگوں کو دعوت دیتے تھے، اور ہر ممکن طریقے سے لوگوں کو ان کی بیعت پر ابھارتے تھے۔ اور عمار رضی اللہ عنہ عثمان رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں مصر بھی گئے تھے اور وہاں لوگوں کو عثمان

رضی اللہ عنہ کے خلاف اکسانے لگے، جس پر وہاں کا گورنر ان سے نالاں ہو گیا اور ان پر سخت گرفت کرنے کا ارادہ کیا۔ اور یہ واقعہ بعینہِ اس خبر سے مشابہت رکھتا ہے جو ابنِ سبا کی طرف منسوب ہے کہ وہ مصر میں مقیم ہو گیا تھا، اور اس نے "فسطاط" کو اپنی دعوت کا مرکز بنالیا تھا اور وہاں سے اپنے حامیوں کو خطوط لکھنا شروع کیے تھے۔ اسی طرح ابنِ سبا کی طرف یہ قول منسوب کیا جاتا ہے کہ: عثمان نے خلافت ناحق لی ہے، اور اس کے حقیقی حق دار علی بن ابی طالب ہیں؛ جبکہ حقیقت یہ ہے کہ یہ خود عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کا اپنا کلام ہے؛ چنانچہ ایک دن عثمان رضی اللہ عنہ کی بیعت کے فوراً بعد انہیں مسجد میں بلند آواز سے یہ کہتے ہوئے سنا گیا تھا: اے گروہِ قریش! یاد رکھو، اگر تم نے اس امرِ خلافت کو اپنے نبی کے اہلِ بیت سے ایک بار یہاں اور ایک بار وہاں پھیر دیا، تو میں تمہارے بارے میں اس بات سے مامون نہیں ہوں کہ اللہ اسے تم سے چھین کر دوسروں میں بانٹ دے، جس طرح تم نے اسے اس کے اصل حق داروں سے چھین کر نااہلوں کے سپرد کر دیا ہے۔ اور ابنِ سبا کی طرف یہ بات بھی منسوب کی جاتی ہے کہ وہی وہ شخص تھا جس نے معرکۂ بصرہ (جنگِ جمل) کے دوران علی اور عائشہ رضی اللہ عنہما کے مابین صلح کی کوششوں کو سبوتاژ کیا تھا، اور اگر وہ نہ ہوتا تو ان دونوں کے درمیان صلح مکمل ہو جاتی، جیسا

کہ راوی بیان کرتے ہیں۔جو شخص معرکۂ بصرہ (جنگِ جمل) کے تفصیلی احوال کا مطالعہ کرتا ہے، وہ عمار رضی اللہ عنہ کو اس میں ایک سر گرم اور متحرک کردار ادا کرتے ہوئے پاتا ہے؛ چنانچہ وہی تھے جو امام حسن اور مالک اشتر کے ہمراہ کوفہ گئے تاکہ لوگوں کو علی رضی اللہ عنہ کے لشکر میں شامل ہونے پر آمادہ کریں۔اور جنگ کے دوران علی رضی اللہ عنہ کے پہلو بہ پہلو عمار رضی اللہ عنہ کا کھڑا ہونا ہی ان اسباب میں سے تھا جو سید نا زبیر رضی اللہ عنہ کی ندامت اور جنگ سے دستبرداری کا باعث بنا۔ اور مؤرخین نے ابنِ سبا کے بارے میں کہا ہے کہ اسی نے ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ کو ان کی (نام نہاد) اشتراکی دعوت پر ابھارا تھا؛ حالانکہ اگر ہم عمار رضی اللہ عنہ کا ابو ذر رضی اللہ عنہ کے ساتھ تعلق کا مطالعہ کریں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ ان کا باہمی ربط انتہائی گہرا اور مضبوط تھا، کیونکہ وہ دونوں ایک ہی مکتبِ فکر سے تعلق رکھتے تھے اور وہ ہے علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کا مکتبِ فکر۔اور یہ تینوں حضرات باہم اکٹھے ہوتے، آپس میں مشورے کرتے اور ایک دوسرے کے ساتھ تعاون فرماتے تھے۔ڈاکٹر کامل الشیبی کہتے ہیں کہ: ہم اس سے یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ ابنِ سبا کوئی اور نہیں بلکہ خود عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ ہی تھے؛ کیونکہ قریش عمار کو عثمان رضی اللہ عنہ کے خلاف اٹھنے والی تحریک کا سرغنہ سمجھتے تھے، لیکن وہ

شروع شروع میں ان کے نام کی صراحت نہیں کرنا چاہتے تھے،اس لیے انہوں نے کنایۃً انہیں ''ابنِ سبا'' یا''ابنِ السوداء''(سیاہ فام خاتون کا بیٹا) کا علامتی نام دے دیا۔راویوں نے پردے کے پیچھے چھپے حقائق سے بے خبر رہتے ہوئے اس معاملے کو اسی طرح آگے نقل کر دیا۔ پھر ڈاکٹر کامل مصطفیٰ الشیبی نے کچھ ایسی دلیلیں اور نصوص پیش کرنا شروع کیں جن کے بارے میں ان کا یہ دعویٰ ہے کہ وہ عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو ''ابن السوداء'' اور ''ابنِ سبا'' کا نام دیے جانے کی تائید کرتی ہیں[61]۔ ہم (اس کے جواب میں) یہ کہتے ہیں: جو شخص بھی ان منقولہ روایات میں غور و فکر کرے گا جنہیں ہم نے اوپر بیان کیا ہے، وہ یہ پائے گا کہ عبد اللہ بن سبا کی شخصیت ایک حقیقی شخصیت تھی جسے لوگ اچھی طرح جانتے تھے،اور وہ اس کی لچکدار طبیعت اور اثر انداز ہونے کی صلاحیت سے بھی واقف تھے؛ کیونکہ یہ روایات بغیر کسی ابہام کے اس کے وجود کی حقیقت کی تصدیق کرتی ہیں۔ بلکہ عبد اللہ بن سبا کا تذکرہ کرنے والے راویوں کے درمیان تو اس بات پر گویا اجماع پایا جاتا ہے کہ وہ ایک یہودی تھا،

---

[61] الوردي ، وعاظ السلاطين ، مرجع سابق ، ص272 – ص274 ، وانظر الشيبي ، مرجع سابق ، ص41 وما بعدها .-

اور خود علمائے شیعہ (مثلاً النوبختی وغیرہ) نے بھی اس بات کی تائید کی ہے[62]۔ رہا یہ سوال کہ عبداللہ بن سبا کو "ابن السوداء" کیوں کہا گیا؟ تو امام طبری اور دیگر مؤرخین کے کلام سے جو بات ظاہر ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ عبد اللہ بن السوداء دراصل خود عبداللہ بن سبا ہی ہے؛ اور اسے یہ نام محض اس کی تذلیل و تحقیر کے لیے دیا گیا کیونکہ اس کی ماں سیاہ فام تھی، اور شاید اس لیے بھی کہ اس کی ماں حبشی تھی جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔ اور علامہ مقریزی نے اپنی کتاب الخطط[63] میں، اور ابنِ کثیر نے البدایہ والنھایہ[64] میں اس تطابق (کہ یہ دونوں نام ایک ہی شخص کے ہیں) کی توثیق کی ہے۔ چنانچہ امام طبری نے فرمایا: عبداللہ بن سبا صنعاء کا رہنے والا ایک یہودی تھا، اور اس کی ماں سیاہ فام (لونڈی)[65] تھی۔

---

[62] النوبختي ، مرجع سابق ، ص27

[63] المقريزي ، أبو العباس أحمد بن علي ، المواعظ والاعتبار بذكر الخ□ط والآثار ، دار ال□باعة المصرية ، بولاق ، ج2 ، ص334

[64] ابن كثير، أبو الفداء إسماعيل بن عمر، تحقيق ومراجعة محمَّد عبد العزيز النجار، مؤسسة دار العربي للنشر والتوزيع، م□بعة السعادة، ج2، ص356 .

[65] ال□بري ، تاريخه ، مرجع سابق ، ج5 ، ص98 .

جاحظ کی کتاب البیان والتبیین میں ایک روایت آئی ہے جس کے بعض فقروں میں یہ درج ہے: چنانچہ مجھے ابن السوداء ملا اور وہ ابنِ حرب ہے [66]۔ڈاکٹر جواد علی نے اسی روایت کے ذریعے عبد اللہ بن سبا کے وجود پر شک کے بادل مڈلانے کی کوشش کی ہے، چنانچہ انہوں نے کہا: "اس روایت میں اہم بات یہ ہے کہ اس نے ابن السوداء کے باپ کے نام کی صراحت کر دی ہے اور اسے حرب پکارا ہے! لیکن یہ کون سا حرب ہے؟ تاریخ میں تو سینکڑوں اشخاص ایسے ہیں جو حرب کے نام سے جانے جاتے ہیں، پھر اس حرب کا باپ کون تھا..؟اور وہ کس قبیلے سے تعلق رکھتا تھا[67]۔اس بات میں کوئی شک نہیں ہے کہ کتاب البیان والتبیین کی یہ عبارت تحریف شدہ ہے، اور میرا یہ گمان ہے کہ اس روایت کی اصل یوں تھی: "**فلقینی ابن السوداء ھو وابن حرب**" (یعنی مجھے ابن السوداء ملا، وہ اور ابنِ حرب)، جس میں لفظ **ھو** کو واؤ پر مقدم کر دیا گیا ہے — اور اس طرح کرنے سے عبارت کا معنی بالکل درست ہو جاتا ہے۔واضح رہے کہ یہ ابنِ حرب جو ہے، یہی غالی سبئی گروہ کی ایک ذیلی

---

[66] الجاحظ ،أبو عثمان عمرو بن بحر، تحقيق عبد السلام هارون، ج3، ص46، كتاب العصر

[67] علي ، جواد ، مجلة الرسالة ، عدد 775 ، ص532 .

شاخ ''الفرقہ الحربیہ''(حربیہ فرقے)کا بانی ہے[68]۔ابنِ حرب ابنِ سبا کے پیروکاروں میں سے تھااور وہ انہی نظریات ومقالات کا قائل تھا جن کی دعوت عبد اللہ بن سبا نے دی تھی، پھر وہ اپنے غلو میں اس سے بھی آگے نکل گیا۔ بہرحال، اہم بات یہ ہے کہ ڈاکٹر جواد علی نے جاحظ کی مذکورہ بالا روایت پر تبصرہ کرتے ہوئے خود یہ کہا ہے: ''اور مجھے اس بات میں کوئی شک نہیں ہے کہ جاحظ ابن السوداء سے مراد اسی عبد اللہ بن سبا کو لے رہا ہے جس کا تذکرہ فرق ومذاہب کی کتابوں کے مصنفین نے کیا ہے[69]۔

عبد القاہر بغدادی مصنفِ کتاب الفرق بین الفرق[70] نے اکیلے یہ رائے قائم کی ہے کہ ابن السوداء، ابن سبا کے علاوہ کوئی دوسرا شخص ہے؛ حالانکہ وہ افکار اور نظریات جو انہوں نے دوسرے یعنی ابن سبا کی طرف منسوب کیے ہیں، وہ اس بات کا پتہ دیتے ہیں کہ یہ دونوں نام ایک ہی شخص کے ہیں، جس سے

---

[68] الشهرستاني، مُحَمَّد بن عبد الكريم، الملل والنحل، تحقيق مُحَمَّد سيد الكيلاني – دار المعرفة ببيروت -، ج1 ، ص290-291, وانظر القمي، مرجع سابق، ص27-28، والنوبختي، مرجع سابق، ص27 .

[69] مجلة الرسالة، مرجع سابق، عدد 775 .

[70] البغدادي، مرجع سابق، ص227 .

مشرق (عجم) اور منحرف ادیان و مذاہب سے درآمد شدہ نظریات مروی ہوئے ہیں۔ مصنفِ الفرق نے امام شعبی کی اس روایت پر اعتماد کیا ہے جو دو اشخاص کے بارے میں بات کرتی ہے؛ جن میں سے پہلا: عبداللہ بن سبا ہے، جو اصل میں یمن کا ایک یہودی تھا، اور دوسرا: عبد اللہ بن السوداء ہے، جو حیرہ کا ایک یہودی تھا۔ جبکہ ہم اس سے پہلے یہ واضح کر چکے ہیں کہ ابن سبا اصل میں یمن ہی سے تھا، اور وہ بعد میں حیرہ میں آکر مقیم ہوا تھا، اور وہیں اس نے ان اکثر مقالات اور باطل عقائد کو ترتیب دیا جن کی اس نے دعوت دی تھی۔ اور ان دونوں کے درمیان یہ تفریق راویوں پر معاملہ خلط ملط ہو جانے کی وجہ سے ہی ہوئی ہے، جیسا کہ امام شعبی ہی کی ایک دوسری روایت میں ان کے ساتھ ہوا جسے العقد الفرید کے مصنف نے نقل کیا ہے، جس میں یہ عبارت آئی ہے: "اور علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے انہیں آگ سے جلا دیا تھا، اور انہیں مدائن کی طرف جلاوطن کر دیا تھا، ان میں سے ایک عبداللہ بن سبا تھا، جسے آپ نے ساباط کی طرف جلاوطن کیا، اور دوسرا عبداللہ بن سباب تھا[71]۔۔۔ چنانچہ امام شعبی نے اپنی اس روایت میں دو اشخاص کے نام ذکر کیے ہیں: ایک عبداللہ

[71] مجلة الرسالة، مرجع سابق، عدد 775 .

بن سبا، اور دوسرا عبداللہ بن سباب۔ اور جو شخص اس مقام کا مطالعہ کرتا ہے، وہ یہ تصور کر بیٹھتا ہے کہ یہ دوسرا شخص علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی محبت میں غلو کرنے والے سرغنوں میں سے تھا، اور وہ ابنِ سبا کے گروہ سے تعلق رکھتا تھا، اور اس کے باپ کا نام سباب تھا۔۔۔ مگر جب ہم فرق و مذاہب کی کتابوں کی طرف رجوع کرتے ہیں، تو ہم یہ پاتے ہیں کہ وہ کتابیں عبداللہ بن سبا اور اس کے پیروکاروں کو سبئیہ بھی کہتی ہیں اور اسی کے ساتھ ساتھ انہیں سبابیہ کے نام سے بھی موسوم کرتی ہیں۔ جیسا کہ کتاب الفرق بین الفرق میں آیا ہے: اس باب کی فصلوں میں سے پہلی فصل: سبابیہ کے قول کے ذکر میں، جو کہ عبداللہ بن سبا کے پیروکار ہیں[72]۔ اس نام سبابیہ کا ورود دیگر کتابوں میں بھی کثرت سے ہوا ہے، جیسے ابن قتیبہ کی کتاب عیون الاخبار؛ چنانچہ انہوں نے کہا ہے: قرآن کے مخلوق ہونے کا قول سب سے پہلے مغیرہ بن سعید عجلی نے اختیار کیا تھا اور وہ عبداللہ بن سبا یہودی کے پیروکاروں میں سے تھا"، اور انہوں نے ایک دوسرے مقام پر فرمایا: بے شک مغیرہ ایک سبابی تھا[73]۔ پس یہ تمام

---

[72] البغدادي، مرجع سابق، ص227 .

[73] ابن قتيبة الدينوري، أبو محمّد عبد الله ابن مسلم، عيون الأخبار، 1963م، طبع المؤسسة المصرية العامة للتأليف والترجمة والطباعة والنشر، ج1، ص148-149 .

نام دراصل ایک ہی مسمّٰی (شخصیت) کے لیے ہیں اور وہ عبد اللہ بن سبا ہے؛ اور انہیں یہ نام سبابیہ اس لیے دیا گیا کیونکہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہء کرام رضی اللہ عنہم کی تنقیص کرتے تھے اور ان کو برا بھلا کہنے سب و شتم کرنے اور ان پر طعن و تشنیع کرنے میں اپنی زبانیں دراز کرتے تھے۔ اور عبد اللہ بن سبا کا لقب "ابن السوداء" کے نام سے مشہور ہونا نہ تو اسے پسند تھا اور نہ ہی اس کے پیروکاروں کو یہ بھاتا تھا، کیونکہ یہ لفظ ہمیشہ تحقیر اور ذلت و رسوائی کے لیے استعمال کیا جاتا رہا ہے۔ چنانچہ اسی لفظ کے ذریعے ایک مرتبہ مقداد بن اسود کو عار دلائی گئی اور انہیں کہا گیا: "اے سیاہ فام خاتون کے بیٹے!"، اور خود ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے یہ بات بلال حبشی رضی اللہ عنہ سے کہی تھی جس پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ناراضی فرمائی تھی۔ پس یہ ممکن ہے کہ عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ اور ان کے علاوہ دیگر افراد کو (ان کی ماؤں کے رنگ کی وجہ سے) "ابن السوداء" کا کنایہ دیا گیا ہو، جس طرح کہ ابنِ سبا کو یہ کنایہ دیا گیا تھا؛ مگر اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہے کہ وہ دونوں ایک ہی شخصیت ہیں! اور جدید دور کے شیعی محققین نے عبد اللہ بن سبا کے وجود کو محض اس دعوے کے ساتھ مسترد کیا ہے کہ وہ (کوئی الگ مٹی کا انسان نہیں بلکہ) عمار بن یاسر ہی ہیں، یہ کہ ان کے بقول نواصب نے یہ تمام افکار اور نظریات — جو

اسلامی معاشرے میں غیر مسلم اقلیتوں کے درمیان پھیلے ہوئے تھے — عمار رضی اللہ عنہ کے سر مڑھ دیے، تاکہ وہ تشیع کی ابتدا اور غلو کا سارا الزام عبد اللہ بن سبا پر ڈال سکیں۔ حالانکہ فرق و مذاہب کے مؤرخین اور مصنفین نے، خواہ وہ اہل سنت ہوں یا شیعہ، ابنِ سبا کو غالی تشیع کے بانی اور رہنما کے طور پر پیش کیا ہے۔ چنانچہ جدید دور کے شیعی محققین کا ردِ عمل یہ رہا کہ انہوں نے عبد اللہ بن سبا کو ایک فرضی نام قرار دے دیا جسے امویوں نے اپنے مخالف عمار بن یاسر کے لیے گھڑا تھا۔ اور اس سے ان کا مقصد یہ تھا کہ عمار بن یاسر کو — ان کے معروف علمی و ایمانی مقام کے ساتھ — اپنے مذہب کا اولین بانی اور رہنما ثابت کر سکیں۔ پھر یہ کہ یہ رائے — جسے ڈاکٹر علی الوردی اور ڈاکٹر کامل مصطفیٰ الشیبی وغیرہ نے اختیار کیا ہے — اس کی تردید جرح و تعدیل کی تمام کتابیں اور خود شیعہ ہی کے ہاں معتبر کتبِ رجال کرتی ہیں؛ کیونکہ وہ کتابیں عمار بن یاسر کا ذکر علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے اصحاب اور ان سے روایت کرنے والے راویوں کے ضمن میں کرتی ہیں، اور پھر کسی دوسرے مقام پر عبد اللہ بن سبا کا مستقل تذکرہ اس کی مذمت، سب و شتم اور لعن طعن کے سیاق میں کرتی ہیں۔ تو کیا (ایسی واضح تفریق کے بعد بھی) ان دونوں افراد کو ایک ہی شخصیت تسلیم کرنا ممکن ہے؟

اگرڈاکٹر علی الوردی اوران کے متبعین یہ رائے رکھتے ہیں کہ (ان دونوں کے ایک ہونے کا)ایک سبب یہ بھی ہے کہ عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانے میں یہ دونوں ہی مصر گئے تھے، تو تاریخی نصوص کا گہرا مطالعہ (استقراء)اور ان کی تاریخ کی معرفت ایک بالکل مختلف مفہوم سامنے لاتی ہے جو ڈاکٹر الوردی کے فہم کے برعکس ہے؛ اور نتیجتاً یہ بات ان دونوں شخصیتوں کے الگ الگ اور آزاد ہونے پر ایک واضح دلیل بن جاتی ہے۔ کیونکہ عمار رضی اللہ عنہ کو تو عثمان رضی اللہ عنہ نے سن 35 ہجری میں مصر بھیجا تھا، اور مصر میں جن لوگوں نے عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو اپنے زیرِاثر لانے کی کوشش کی تھی، ان میں عبد اللہ بن سبا، خالد بن ملجم، سودان بن حمران اور کنانہ بن بشر جیسے لوگ شامل تھے۔اور یہ اس وقت کا واقعہ ہے جب خلیفہ عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنے مقربین سے اس وقت خصوصی مشورہ طلب کیا جب ان کے کانوں تک مختلف شہروں (امصار) میں رعایا کی ناراضی اور بے چینی کی خبریں پہنچیں۔ چنانچہ انہوں نے عثمان رضی اللہ عنہ سے کہا: ہم آپ کو یہ مشورہ دیتے ہیں کہ آپ ان شہروں کی طرف ایسے مردوں کو تحقیقات کے لیے بھیجیں جن پر آپ کو پورا بھروسہ ہو، تاکہ وہ وہاں کے احوال کی خبریں لے کر آپ کے پاس لوٹیں؛ چنانچہ انہوں نے محمد بن مسلمہ کو بلایا اور انہیں کوفہ روانہ کیا، اسامہ بن زید کو

